Department of Pre University Education

Subject:URDU

II PUC

Time:1.30 hrs — Max.Marks:50

I مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔ 1x5=5

1۔ سرنگیری کے سوامی سے ٹیپو نے کیا درخواست کی تھی؟

2۔ عیسائیوں کے ساتھ ٹیپو نے کیا سلوک کیا؟

3۔ کاکی نے ساری جائیداد کس کے نام لکھ دی تھی؟

4۔ روپا نے کونسا عبرت ناک نظارہ دیکھا؟

5۔ لڑکپن جوتنے اور بونے کا وقت ہے تو پیری کیا ہے؟

II (الف) ذیل میں کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 2x4=8

6۔ سارادیوی کی مورتی کی بے حرمتی کے متعلق ٹیپو نے بدنور کے آصف کو کیا حکم دیا؟

7۔ ٹیپو کی مذہبی پالیسی کا جائزہ لیتے وقت کس بات کو نظرانداز کیا جاتا ہے؟

8۔ بوڑھی کاکی کب رونے لگتی تھی؟

9۔ کھانا کھاتے ہوئے مہمانوں کے بیچ بوڑھی کاکی کو دیکھ کر بدھ رام نے کیا کیا؟

10۔ سونے اور کھیلنے میں وقت گذارنے سے انسان کیسا بن جاتا ہے؟

11۔ کس طرح کے خیال کو دل میں آنے نہیں دینا چاہیے؟

(ب) ذیل میں کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 2x4=8

12۔ ساری خوبیوں کا سزاوار کون ہے؟

13۔ ہم اللہ تعالیٰ سے کس کے طلب گار رہوتے ہیں؟

14۔ عورت کس کی شان اور جان ہے؟

15۔ شاعر نے عورت کو کس کس کی ہستی قرار دیا ہے؟

16۔ بکاؤلی کس کی تلاش میں دارالخلافت زین الملوک پہنچی؟

17۔ بکاؤلی کی باتوں سے متاثر ہو کر شہنشاہ نے کیا کیا؟

III (الف) ان میں سے دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 4x2=8

18۔ مضمون نگار نے کن مثالوں کے ذریعہ ثابت کیا ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کو پوجا پاٹ کی مکمل آزادی دی تھی؟

19۔ سکھ رام کے تلک کے جشن کا منظر افسانہ نگار نے کس طرح بیان کیا ہے؟

20۔ وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگ انسان سے کیا چاہتی ہے؟

(ب) ذیل میں سے کسی دو جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے۔ 2x2=4

21۔ ”کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی۔“

22۔ ”کاکی اٹھو۔ میں پوریاں لائی ہوں۔“

23- ''کیا نام ہے؟ اور وطن کدھر ہے؟''

IV (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 5x1=5

24- (1) سورۂ فاتحہ (2) گلزار نسیم

(ب) ذیل میں دیے گئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 2x2=4

25- سب کام اپس کے سونپ کے حق کوں، نچنت ہو — یہ ہے تمام مقصدِ گفت و شنید یہاں

26- اجی کیوں رلاتے ہو مجھ کو، تمھیں کیا — نہیں رحم آتا مری چشمِ تر پر

27- مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا — پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا

28- ذیل میں سے کسی دو محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 1x2=2

بال بال بچنا — آگ بگولہ ہونا — رفو چکر ہونا

29- کسی دو ضرب الامثال کی وضاحت کیجیے۔ 1x2=2

1) کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا

2) دودھ کا دودھ پانی کا پانی

3) نیکی اور پوچھ پوچھ

30- ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ 1/2x4=2

1) خدا کی...........میں آواز نہیں ہوتی۔

2) الٹا چور........... کو ڈانٹے۔

3) پانچوں انگلیاں........میں۔

4) نیکی کر.........میں ڈال۔

31 ذیل کے اشعار میں مستعمل کسی ایک تلمیح کا واقعہ لکھیے۔ 1x2=2

1 معجزہ شق القمر کا ہے مدینہ سے عیاں — مہ نے شق ہو کر لیا ہے دین کو آغوش میں

2 ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز — نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

☆☆☆☆☆